یہ بات انہوں نے اے این این سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت عوامی مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے اور اس سلسلے میں اقدامات بھی اٹھائے گئے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہے مکمل ہونے پر عوام اس کا خود اعتراف کرینگے بلکہ اس سے استفادہ حاصل کرینگے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 12

# بلوچستان کے بہتر مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کر رہے ہیں، سردار کوہیار خان ڈومکی

## کوئٹہ اور صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو مزید اور مثبت تبدیلی نظر آئے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر بلدیات ودیہی ترقی سردار کوہیار خان ڈومکی کے زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں اور جاری پی۔ایس۔ڈی۔پی 2024-2025 کے حوالے سے جائزہ اجلاس ڈائریکٹوریٹ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ ڈائریکٹر جنرل محکمہ بلدیات ودیہی ترقی آغا ذوالفقار شاہ کے علاوہ محکمہ بلدیات ودیہی ترقی کے تمام ڈویژنل ڈائریکٹر اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور انجینئرز نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر بلدیات ودیہی ترقی سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ تمام سکیموں کو مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ حالیہ پی۔ایس ڈی پی کے تحت منظور شدہ 763 اسکیموں پر ٹینڈر کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے جو کہ انتہائی خوش آئند ہے شہریوں کی تفریح کے لیے ماحول دوست پارک، روڈ، نالیوں کے نظام، سولر سسٹم ٹف ٹائل، شمسی توانائی کے جدید سٹریٹ لائٹس بھی ترقیاتی منصوبوں میں شامل ہیں۔ محکمہ بلدیات حکومت بلوچستان میں سروسز کی بہتر فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی پروقت پائے تکمیل کے لیے محکمہ بلدیات کے تمام افسران کو احکامات جاری کیے ہیں کہ بلوچستان کے بہتر مستقبل کے لیے بڑھتی ہوئی آبادی کی تناسب سے کم وسائل میں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ عوام کو کوئٹہ اور صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو مزید اور مثبت تبدیلی نظر آئیگا۔ اجلاس سے خطاب کرتے سیکرٹری بلدیات و دیہی عبدالروف بلوچ نے کہا کہ تمام ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے محکمہ بلدیات ودیہی ترقی کے افسران کو ہدایت دی گئی کہ تمام ترقیاتی اسکمیات کو مقررہ مدت تک مکمل کرنے کا عمل یقینی بنائیں گے۔ تمام ٹینڈر کا عمل مکمل صاف وشفاف بنایا جائے گا اور کام کی معیار اور مقدار کے مزید شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس کے آخر میں ڈائریکٹر جنرل آغا ذوالفقار شاہ محکمہ بلدیات کے تمام سکمیات کی جامعہ پلان پر فوری طور پر عمل کریں تاکہ عوام کو اس پی ،ایس، ڈی ،پی کے ترقیاتی منصوبوں سے جلد مستفید ہو جائے۔ صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی نے مزید کہا کہ محکمہ بلدیات ودیہی ترقی حکومت بلوچستان کے تمام فلیڈ افسران کی کاوشوں کو سراہا۔

# حلقہ کو مثالی بنانے کیلئے عملی اقدامات اور ترقی کا سفر جاری ہے، میاں خان بگٹی

## ن لیگ نے ہمیشہ بلارنگ ونسل عوام کی خدمت کو اپنا مقصد سمجھا پارٹی پر عوام نے جو اعتماد کا اظہار کیا، وڈیرہ محمد بخش مندرانی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت

سبی (آئی این پی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وانرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میان خان بگٹی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کا مقصد عوام کی خدمت اور معیار زندگی کو بہتر بناتے ہوئے تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے حلقہ انتخاب میں شامل سبی ڈیرہ بگٹی سوئی ہرنائی کوہلو سمیت بلوچستان کی عوام کیلئے پارٹی کی جدوجہد کسی سے پوشیدہ نہیں تعلیم صحت پینے کے صاف پانی سڑکوں کے نظام کر درست کر کے مثالی حلقہ انتخاب بنائیں گے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی بے روزگاری کے خاتمہ کے لئے بھی اپنا ردل پلے کریں گے ترقی خوشحالی کا سفر اجتماعی منصوبہ بندی کر کے شروع کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف آف مندرانی وڈیرہ محمد بخش مندرانی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منر احمد بگٹی، خان موسیٰ خان مجک ظہور احمد مگسی کے علاوہ دیگر کارکناں بھی موجود تھے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم وانرجی مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن نے ہمیشہ بلارنگ ونسل عوام کی خدمت کو اپنا مقصد سمجھا پارٹی پر عوام نے جو اعتماد کا اظہار کیا اس کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے ہم وعدے نہیں کریں گے بلکہ عملی خدمت کر کے حلقہ انتخاب کی عوام کے مسئلہ مسائل کو حل کریں گے انہوں نے کہا کہ تعلیم صحت پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں طلباء طالبات کو درپیش مسائل حل کریں گے حلقہ انتخاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی کمی کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرز کی کمی کو دور کریں گے میرٹ پر پورا اترنے والے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی ممکن بنائے گے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے لئے بھی کام کر رہے ہے جلد عوام کو خوش خبری ملے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 16

## بی وائی سی کے جلسے کے اختتام پر اسلحہ یا منشیات منتقل کرنے کا منصوبہ ہے، حکومت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے عوام الناس کو آگاہ کیا ہے کہ مصدقہ اطلاعات کے مطابق چند شر پسند عناصر نے بی وائی سی کے جلسے کے اختتام پر ممنوعہ اشیاء بشمول اسلحہ شرکاء کی گاڑیوں میں چھپا کر بلوچستان کے مختلف علاقوں اور ملک کے دیگر اضلاع میں منتقل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔اس سنگین صورتحال کے پیش نظر جلسے کے شرکاء کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ اپنی گاڑیوں کی خود حفاظت کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص پر خود نظر رکھیں۔خاص طور پر وہ افراد جو نقاب اوڑھے ہوئے ہوں۔اس خطرے کے پیش نظر بلوچستان کے تمام ادارے مکمل طور پر چوکس ہیں۔جلسے کے اختتام پر واپس جانے والی گاڑیوں کی تفصیلی تلاشی لی جائے گی چاہے وہ عام شرکاء کی ہوں یا بی وائی سی کے رہنماؤں کے قافلے کی۔عوام سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ قانون نافذ کرنے والوں سے بھرپور تعاون کریں تاکہ امن و امان کو یقینی بنایا جا سکے۔ ممنوعہ اشیاء، اسلحہ یا منشیات کی برآمدگی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

MASHRIQ QUETTA

## کسی کو سرکاری زمین پر قبضہ اور تعمیرات کی اجازت نہیں دے سکتے، کمشنر قلات

ٹاؤن شپ خضدار 1437 ایکڑ پر مشتمل، 1381 ایکڑ گورنمنٹ کے قبضے میں اور بقایا 156 ایکڑ پر غیر قانونی طور پر لوگ قابض ہیں، محمد نعیم بازئی

حکومت نے فیصلہ کیا ہے گورنمنٹ کی زمین واگزار اور جی پی ایس سسٹم کے ذریعے میپنگ بھی کی جائیگی، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

خضدار (خ ن) کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی کی زیر صدارت اجلاس، ٹاؤن شپ کے قبضہ کردہ 56 ایکڑ اراضی واگزار کرانے کا فیصلہ، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن اعجاز احمد جعفر سیٹلمنٹ آفیسر سبحان دشتی نے شرکت کی اجلاس گورنمنٹ اسکیم ٹاؤن شپ سے متعلق بلایا گیا تھا اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹاؤن شپ خضدار 1437 ایکڑ پر مشتمل ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ہے اور 1381 ایکڑ گورنمنٹ کے قبضے میں ہے جب کہ بقایا ایکڑ پر غیر قانونی طور پر لوگ قابض ہیں جو 156 ایکڑ بنتے ہیں اس سے متعلق حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ گورنمنٹ کی زمین واگزار کرائی جائیگی اور جی پی ایس سسٹم کے ذریعے اراضی کی میپنگ بھی کی جائیگی غیر قانونی قابضین کو وارننگ دی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر گورنمنٹ اسکیم ٹاؤن شپ سے اپنا قبضہ ختم کرادیں ورنہ قانون حرکت میں آئیگی کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی کا کہنا تھا کہ ٹاؤن شپ اسکیم گورنمنٹ کی ملکیت ہے اور اس کیلئے ایک ضابطہ اور طریقہ کار موجود ہے جب اس کیلئے کمیٹی بھی قائم ہے تاہم گورنمنٹ اراضی پر زبردستی قبضہ اور اس پر تعمیرات کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہے اور اس سلسلے میں 156 ایکڑ اراضی واگزار کرانے کیلئے گورنمنٹ حرکت میں آئیگی۔

## وفاقی محتسب کے حکم پر نقیب اللہ کی اہلیہ کا بلاک شناختی کارڈ بحال کر دیا گیا

قلعہ عبداللہ کے رہائشی اہلیہ کا شناختی کارڈ بحال نہ ہونے پر طلاق دینے کی دھمکی دے رکھی تھی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے رہائشی نقیب اللہ نے اہلیہ کا شناختی کارڈ بحال نہ ہونے پر تنگ آکر طلاق دینے کا الٹی میٹم دیا تھا تاہم وفاقی محتسب کی مداخلت نے مسئلہ حل کر دیا اور گھر اجڑنے سے بچ گیا۔نقیب اللہ کی اہلیہ کا شناختی کارڈ پانچ سال سے بلاک تھا اور بارہا کوششوں کے باوجود نادرا میں دادرسی نہ ہوئی۔ نقیب اللہ نے سوشل میڈیا پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگر تین ماہ میں شناختی کارڈ بحال نہ ہوا تو وہ بیوی کو طلاق دے دے گا۔ویڈیو پیغام وائرل ہونے کے بعد وفاقی محتسب نے نوٹس لیا اور نادرا حکام کو طلب کرتے ہوئے 15 دن کے اندر شناختی کارڈ بحال کروا دیا۔نقیب اللہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

## سندھ اور پنجاب بلوچستان کا پانی چوری کر رہے ہیں، دھنیش کمار

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی حنیف بلوچ) سینیٹر دھنیش کمار نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حصے کا زرعی پانی سندھ اور پنجاب چوری کر رہے ہیں پانی کی چوری کرنے کی وجہ سے بلوچستان کا گرین بیلٹ صحرا میں تبدیل ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار سینیٹر دھنیش کمار نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ اعلیٰ ایوانوں میں بلوچستان کی نمائندگی کے لیے ائے ہیں بلوچستان کے ساتھ ناانصافی ہونے کی اجازت ہرگز کسی کو نہیں دیں گے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کو صرف پانچ فیصد زرعی پانی دیا ......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

جا رہا ہے لیکن بدقسمتی سے سندھ اور پنجاب بلوچستان کے حصے کا پانی چوری کر رہے ہیں سندھ اور پنجاب کو چاہیے کہ وہ بلوچستان کے حصے کا پانی دیں تاکہ بلوچستان کے زمیندار و کاشتکار زراعت کی فروغ میں کلیدی کردار ادا کر سکیں

## لیویز منظم فورس، بدعنوانی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں، ڈی جی لیویز

گزنگ لیویز چیک پوسٹ پر اہلکار کی مبینہ رشوت لینے کی ویڈیو کا سخت نوٹس، فوری کارروائی کا حکم

فرائض میں غفلت کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی، عبدالغفار مگسی نے رپورٹ طلب کر لی

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے گزشتہ روز چمن کے گزنگ لیویز چیک پوسٹ پر لیویز اہلکار کی جانب سے ڈرائیور سے مبینہ رشوت لینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی سے رابطہ کر کے رپورٹ طلب کی اور رشوت ستانی میں ملوث اہلکار کیخلاف کارروائی کا حکم دیا جس پر ڈپٹی کمشنر چمن نے ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی کی ہدایت پر لیویز اہلکار محمد ادریس کو معطل کر دیا اور معاملے کی مزید تحقیقات کیلئے اسسٹنٹ کمشنر چمن کو انکوائری آفیسر مقرر کر کے رپورٹ دو دن میں پیش کرنیکی ہدایت کر دی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے کہا کہ لیویز منظم فورس ہے، بدعنوانی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، فرائض میں کوتاہی اور غفلت کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ یاد رہے ڈی جی لیویز نے چارج سنبھالتے ہی بدعنوانی اور لاپرواہی کے مرتکب پانچ ملازمین کو معطل کر دیا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 2 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 17


# عوام دشمن عناصر کی باتوں میں نہ آئیں، اپنے علاقوں میں امن بھائی چارگی کو فروغ دیں، بریگیڈیئر غلام دستگیر

ایف سی، پاک فوج نے ہمیشہ ملکی سلامتی میں علاقائی مسائل کو سنا اور حل کرنے کی کوشش کی ہے

عوامی جرگہ کا مقصد علاقے کے مسائل کو سننا اور پھر ان کو حل کرنا ہوتا ہے، کھلی کچہری سے خطاب

تفتان (نمائندہ مشرق) وزیر اعلیٰ بلوچستان اور آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں ایف سی 112 ونگ اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا اہتمام کیا گیا تفصیلات کے مطابق ایف سی ونگ 112 میں تفتان رائفلز کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر غلام دستگیر کی سربراہی میں کھلی کچہری کا اہتمام ہوا جہاں 112 ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل شاہد علی، اسسٹنٹ کمشنر تفتان عرفان خلجی، اسسٹنٹ کلکٹر کسٹم ارسلان، انسپکٹر کسٹم محمد عثمان خان، NLC کے منیجر میجر محمد عاصم، ایف آئی اے عمران لطیف، صوبیدار میجر عبدالعزیز و دیگر سرکاری حکام موجود تھے جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے بریگیڈیئر غلام دستگیر نے کہا کہ ایف سی اور پاک فوج نے ہمیشہ ملکی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے علاقائی مسائل کو بہتر انداز میں سنا ہے اور ان کو حل کرنے کی پوری کوشش کی ہے اس کے علاوہ علاقے میں مختلف تعلیمی پروگرام، میڈیکل کیمپ کا بھی انعقاد کیا ہے انہوں نے کہا کہ عوامی جرگہ کا مقصد علاقے کے مسائل کو سننا اور پھر ان کو حل کرنا ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ عوام دشمن عناصر کی باتوں میں نہ آئیں اور اپنے علاقوں میں امن اور بھائی چارگی کو فروغ دیں انہوں نے کہا کہ آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان کے احکامات پر رخشاں ڈویژن میں پکڑے گئے تمام گاڑیوں کو ترتیب کے ساتھ چھوڑ رہے ہیں اسسٹنٹ کمشنر تفتان عرفان خلجی نے جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جرگہ میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں اور انہیں ریلیف بھی دے رہے ہیں اس جرگہ کے توسط سے دو اساتذہ کی تعیناتی بھی عمل میں لائی گئی ہے اس کے علاوہ جو مسائل جرگہ میں لوگوں نے بیان کیا ہے ان کو حل کرنے کی کوشش جاری ہے جرگہ میں عوامی مسائل کو علاقے کے معتبرین حاجی اللہ نذر محمد حسنی، حاجی عیسیٰ خان شیرزئی، مولانا عبدالشکور محمد حسنی، سردار مہر اللہ محمدانی، محمد الیاس مینگل و دیگر نے بیان کیا جرگہ میں قبائلی رہنماؤں سردار عبدالرحیم خلجی، میر شہزاد اچکزئی، سردار عبدالواحد سنجرانی، میر بلال شیرزئی، میر عصمت اللہ شیرزئی، سردار محمد ساسولی، میر عبدالباقی ساسولی، میر محمد ابراہیم، ماما عبدالقاسم محمد حسنی، حاجی داؤد خان محمد حسنی، میر محمد عاقل عیدوزئی، احمد رخشانی، عزیز اللہ نورزئی، مہر اللہ محمد حسنی، عبدالحکیم بلوچ و دیگر نے شرکت کیا

# بلوچستان کی معاشی ترقی کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں، ڈاکٹر قیصر بنگالی

انفراسٹرکچر کی کمی اور انسانی وسائل کی ترقی کے لیے حکمت عملی کے تحت اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں، ماہر معیشت

نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور پائیدار ترقی کے لیے پیشہ ورانہ تعلیم کی اہمیت اجاگر کرنا ہوگی، ڈاکٹر عبدالرزاق صابر

سیمینار میں بلوچستان کی معاشی ترقی کیلئے قابل عمل حل تلاش بارے بحث، پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد کی تجاویز

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کی معاشی ترقی کے لیے مہارت کی ضروریات پر ایک روزہ سیمینار میر احمد بخش لہڑی آڈیٹوریم (PCTVI)، گوادر یونیورسٹی میں منعقد ہوا۔ یہ سیمینار PCTVI، گوادر یونیورسٹی اور گوادر پورٹ اتھارٹی کے اشتراک سے منعقد کیا گیا، جس میں ماہرین، پالیسی سازوں اور طلبہ نے بلوچستان میں معاشی مواقع اور چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ کلیدی مقرر، ممتاز ماہر معیشت ڈاکٹر قیصر بنگالی نے صوبے کی صلاحیتوں پر روشنی ڈالی اور چیلنجز جیسے کہ انفراسٹرکچر کی کمی اور انسانی وسائل کی ترقی کے لیے حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا۔ سیمینار میں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، کے ساتھ مختلف شعبہ جات کے افسران اور طلبہ نے شرکت کی۔ گوادر یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر اور PCTVI کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور پائیدار ترقی کے لیے تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم کی اہمیت پر زور دیا۔ یہ سیمینار سوال و جواب کے ایک دلچسپ سیشن کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، جس میں شرکاء نے مقررین کے ساتھ بات چیت کی اور بلوچستان کی معاشی ترقی کے لیے قابل عمل حل تلاش کیے۔ یہ سیمینار تعلیم اور تعاون کو بلوچستان کی معاشی صلاحیتوں کے استعمال کے لیے اہم آلات کے طور پر اجاگر کرنے کے عزم کی تصدیق کرتا ہے۔

# خون کا عطیہ زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، شفقت شاہوانی

جی ڈی اے کے افسران اور عملہ بلڈ ڈونیشن کیمپ میں شرکت کرکے کار خیر میں اپنا حصہ شامل کریں، ڈی جی

جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈشپ ہسپتال نہ صرف گوادر بلکہ پورے مکران کے عوام کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی نے جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈشپ ہسپتال میں بلڈ بینک کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر بلڈ ڈونیشن کیمپ کا بھی انعقاد کیا گیا۔ افتتاح کے دوران ڈائریکٹر جنرل نے ہسپتال کے مختلف شعبوں، بلڈ بینک، بلڈ کیمپ، اور لیبارٹری کا جائزہ لیا اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نے بلڈ ڈونیشن کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خون کا عطیہ دینا ایک عظیم انسانی خدمت ہے، جو ضرورت مندوں کی زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بلڈ ڈونیشن کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ خون کی قلت کو دور کیا جا سکے اور ہنگامی حالات میں ضرورت مند مریضوں کو بروقت مدد فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اکثر ایک تاثر دیکھنے کو ملتا ہے کہ جی ڈی اے ہسپتال میں کسی مریض یا خاتون کو خون کی اشد ضرورت ہے اور لوگوں سے فوری مدد کی اپیل کی جاتی ہے۔ بلڈ بینک کے قیام کے بعد یہ مسئلہ ہمیشہ کے لیے حل ہو جائے گا، کیونکہ ہسپتال میں خون کی فراہمی کا موثر نظام موجود ہوگا، جس سے فوری طور پر مریضوں کو خون مہیا کیا جا سکے گا۔ ڈائریکٹر جنرل نے اعلان کیا کہ جی ڈی اے کے افسران اور عملہ بھی بلڈ ڈونیشن کیمپ میں بھرپور شرکت کرے گا تاکہ اس کار خیر میں انکا بھی حصہ شامل ہو جائے۔ انہوں نے ہسپتال کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ جی ڈی اے پاک چائنا فرینڈشپ ہسپتال نہ صرف گوادر بلکہ پورے مکران کے عوام کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ یہاں پر لوگوں کو معیاری اور مفت صحت کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، جن میں کنسلٹنسی، سرجری، ادویات، اور لیبارٹری خدمات شامل ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ ہسپتال کی توسیع کے منصوبے جاری ہیں، جن میں ایک جدید میڈیکل کالج کا قیام بھی شامل ہے، جو نہ صرف علاقے کی ترقی بلکہ طبی تعلیم اور صحت کے شعبے میں سنگ میل ثابت ہوگا، کثر ایک تاثر دیکھنے کو ملتا ہے کہ جی ڈی اے ہسپتال میں کسی مریض یا خاتون کو خون کی اشد ضرورت ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 18

## پولیو ایک موذی بیماری، خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، سیکرٹری صحت

پولیو کے خاتمے میں عالمی ادارہ برائے صحت، بل گیٹس فاؤنڈیشن، یونیسیف، گاوی سمیت دیگر ڈونرز کا اہم کردار ہے

بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے محکمہ صحت موثر اقدامات اٹھا رہی ہے، مجیب الرحمن پانیزئی

کوئٹہ (اے پی پی) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن پانیزئی نے کہا ہے کہ پولیو جیسی موذی بیماری کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے محکمہ صحت موثر اقدامات اٹھا رہی ہے، حالیہ پولیو مہم کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں، پولیو کے خاتمے میں عالمی ادارہ برائے صحت، بل گیٹس فاؤنڈیشن، یونیسیف، گاوی سمیت دیگر ڈونرز کا اہم کردار ہے، حکومت بلوچستان ڈونرز کی مدد سے اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں پولیو کے خاتمے کیلئے پرامید ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیو کے ٹیکنیکل ایڈوائزری گروپ کے اسلام آباد میں ہونے والے اجلاس سے بذریعہ زوم اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ مجیب الرحمن پانیزئی نے ڈونرز تنظیموں عالمی ادارہ صحت، بل گیٹس فاؤنڈیشن، یونیسیف، گاوی سمیت دیگر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان وفاقی حکومت کے زیر سایہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں ڈونرز تنظیموں کے تعاون سے پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں

Century Express Quetta

## ژوب: افغان بارڈر سے دراندازی کی ایک اور کوشش ناکام، 6 خوارج مارے گئے

فورسز نے سمبازہ میں خوارج کے ایک گروپ کی نقل و حرکت پر فوری اور مؤثر کارروائی کی، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد

فورسز اپنی سرحدوں کو محفوظ بنانے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر، صدر، وزیراعظم، وزیرداخلہ کی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (خالد محمود) سکیورٹی فورسز نے پاک افغان بارڈر سے خوارج کی دراندازی کی ایک اور کوشش ناکام بنادی، ضلع ژوب کے علاقے سمبازہ میں 6 خوارج کو جہنم واصل کردیا، آئی ایس پی آر کے مطابق فورسز نے 22 اور 23 جنوری کی رات سمبازہ میں خوارج (باقی صفحہ 5 نمبر 47)

کے ایک گروپ کی نقل وحرکت دیکھی، جس پر فوری اور موثر کارروائی کر کے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی، اس کارروائی میں چھ خوارج مارے گئے جبکہ بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد ہوا، آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان بارہا عبوری افغان حکومت سے سرحد کے اطراف میں موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنانے کیلئے کہتا آیا ہے، توقع ہے کہ عبوری افغان حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی اور خوارج کی جانب سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لئے افغان سرزمین کے استعمال سے روکے گی، فورسز اپنی سرحدوں کو محفوظ بنانے اور ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، دوسری جانب اے پی پی کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیرداخلہ محسن نقوی نے ژوب میں 6 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان اور سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے مکمل سد باب کے لیے متحرک ہیں۔

## کردگاپ اور گڑنگ چیک پوسٹوں کے 4 لیویز اہلکار معطل

ڈی جی لیویز نے رشوت لینے کی ویڈیو پر ملوث اہلکاروں کیخلاف کارروائی کی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز نے کردگاپ اور چمن کے گڑنگ لیویز چیک پوسٹوں پر اہلکاروں کے ڈرائیوروں سے رشوت لینے کا نوٹس لیتے ہوئے چار اہلکاروں کو معطل کر کے انکوائری افسر مقرر کر دیں۔ لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کردگاپ اور چمن کے گڑنگ لیویز چیک پوسٹوں پر لیویز اہلکاروں کی جانب سے ڈرائیوروں سے رشوت لینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس کا ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنرز سے رپورٹ طلب کر کے کردگاپ کے (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

تین لیویز اہلکاروں نصر اللہ، منظور احمد اور عنایت اللہ جبکہ چمن کے گڑنگ لیویز اہلکار محمد ادریس کو معطل کر کے مزید تحقیقات کیلئے عنایت اللہ کاسی کو انکوائری آفیسر مقرر کر کے رپورٹ دو دن میں پیش کرنے کی ہدایت کردی۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان ہائیکورٹ کا اعلامیہ

حب (نمائندہ انتخاب) لیبر کورٹ کے ریڈر علی محمد کو ترقی دیکر III لیبر کورٹ، حب میں بطور سپرنٹنڈنٹ اور اکاؤنٹنٹ شاکر حسین کو اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر تعینات کر دیا گیا اس حوالے سے ہائی کورٹ بلوچستان سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق پروموشن کمیٹی کے شفارش پر قائم مقام چیف جسٹس ہائی کورٹ آف بلوچستان نے علی محمد ریڈر (BPS-16) کو ترقی دیکر سپریٹنڈنٹ (BPS-17) III لیبر کورٹ، حب تعینات کر دیا گیا ہے بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

جبکہ شاکر حسین اکاؤنٹنٹ (BPS-15) کو ترقی دیکر اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر (BPS-16) III لیبر کورٹ، حب تعینات کر دیا گیا ہے۔

## بلوچستان میں ووٹرز کی تعداد 55 لاکھ 37 ہزار 699 ہوگئی

صوبے میں مرد ووٹرز 31 لاکھ ایک ہزار 640 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 24 لاکھ 36 ہزار 59 ہے، مرد ووٹرز کی شرح 56.01 رہی

خواتین کی شرح 43.99 فیصد، صوبے میں سب سے زیادہ ووٹرز کوئٹہ میں آٹھ لاکھ 82 ہزار 342 ہیں، الیکشن کمیشن نے اعداد و شمار جاری کر دیئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ووٹرز کی تعداد 55 لاکھ 37 ہزار 699 ہوگئی، الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق صوبے میں مرد ووٹرز 31 لاکھ 1 ہزار 640 اور خواتین ووٹرز 24 لاکھ 36 ہزار 59 ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں مرد ووٹرز کی شرح 56.0 فیصد جبکہ خواتین کی شرح 43.99 فیصد ہے۔ صوبے میں سب سے زیادہ ووٹر کوئٹہ میں 8 لاکھ 82 ہزار 342، پشین میں 3 لاکھ 25 ہزار 863، کیچ میں 3 لاکھ 9 ہزار 995 جبکہ ہرنائی میں سب سے کم ووٹرز 47 ہزار 522 ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 21

## کوئٹہ: گاڑی چوری کرنیوالے گروہ کا سرغنہ زخمی حالت میں گرفتار

### عدالت روڈ سے نعمت آغا کی گاڑی چوری کی، ملزم سے اسلحہ اور گاڑی برآمد، دو ملزمان فرار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سول لائن پولیس نے گاڑی چوری کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کر کے عدالت روڈ سے چوری ہونے والی گاڑی قبضے میں لے لی جبکہ فائرنگ سے ایک راہگیر بھی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق 21 جنوری کو شہری نعمت آغا اپنی گاڑی عدالت روڈ پر کھڑی کر کے نماز کی ادائیگی کیلئے مسجد گیا واپس آنے پر گاڑی غائب تھی، سول لائن پولیس نے مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کی، بدھ کی صبح ایس ایچ او سول لائن نعمت اللہ کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ عدالت روڈ سے چوری ہونے والی گاڑی ایئر پورٹ روڈ پر واقع پارکنگ میں کھڑی ہے جس پر دیگر عملے کے ہمراہ پارکنگ پہنچے جہاں گاڑی کھڑی تھی تاہم ایس ایچ او و دیگر عملے نے پارکنگ کی نگرانی شروع کی اسی دوران تین افراد گاڑی لینے کیلئے آئے وہ جیسے ہی گاڑی لے کر فرار ہونے لگے تو پولیس نے گھیرے میں لے لیا، پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کردی تاہم پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ملزم محمد سلیم اور ایک راہگیر ہارون بیگ سکنہ سریکی روڈ زخمی ہوگیا، پولیس نے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے دو ٹی ٹی اور گاڑی قبضے میں لے لئے جبکہ دو ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔

## اوستہ محمد: ڈاکوؤں کی 3 وارداتیں

### مسافر کوچ بھی لوٹ لی

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد سے کراچی جانے والی کوچ کو ڈم شاخ پولیس چوکی کے قریب ڈاکوؤں نے لوٹ لیا دریں اثناء مستوئی پل پر ڈاکو عبدالستار کلہوڑو کی دکان سے 20 ہزار نقد اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے علاوہ ازیں نصراں گلی میں مبین سومرو سے مسلح افراد موٹر سائیکل بارہ ہزار روپے اور موبائل چھین کر فرار ہوگئے۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈھاڈر: مسلح افراد ٹرک ڈرائیور سے نقدی، موبائل فون اور قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار

ڈھاڈر (آن لائن) سنی روڈ پر ڈاکوؤں کی ٹرک نہ روکنے پر فائرنگ مسلح افراد ڈرائیور سے نقد رقم موبائل اور قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار تفصیلات کے مطابق جمعرات کی صبح دو مزدا ٹرک ڈھاڈر سے سنی جا رہے تھے کہ کوٹ مینگل اور تخی تنگو کے درمیان مسلح ڈاکوؤں......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نے انہیں روکنے کی کوشش کی تو ڈرائیوروں نے خوف کے مارے ٹرکوں کو بھگانے کی کوشش کہ اسی دوران مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس سے گاڑیوں کے ٹائر پھٹ گئے اس دوران ایک ٹرک کے ڈرائیور نے بڑی مہارت سے سیمنٹ کے بلاکوں سے لوڈ ٹرک بھگانے میں کامیاب ہوگیا جبکہ بغیر لوڈ ٹرک ڈاکوؤں کے شکنجے میں اور ڈاکو ڈرائیور سمیت گاڑی میں سوار افراد سے موبائل فون اور نقد رقم چھین کر باآسانی فرار اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی شروع کردی۔

## مستونگ میں شہری پر تشدد کے الزام میں تین لیویز اہلکار گرفتار، تحقیقات شروع کردی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ میں شہری پر تشدد کے الزام میں تین لیویز اہلکاروں کو معطل کر کے تحقیقات شروع کردی گئیں، ڈی جی لیویز بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق مستونگ لیویز کے تین اہلکار نصر اللہ، منظور احمد، عنایت اللہ کو ایک شہری پر تشدد اور اختیارات کے ناجائز استعمال....... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پر معطل کر کے ڈائریکٹر آپریشنز لیویز عنایت اللہ کاسی کو تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ مستونگ لیویز کے اہلکاروں کی ایک شہری پر تشدد کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 6 Dated 24 JAN 2025 Page No. 23

# حکومت اور گرینڈ ہیلتھ الائنس میں کامیاب مذاکرات، ہڑتال ختم!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں گذشتہ کافی دنوں سے گرینڈ ہیلتھ الائنس کی اپیل پر سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں ہڑتال تھی جس کے باعث مریضوں کی ایک بڑی تعداد سرکاری ہسپتالوں میں چیک اپ کرانے سے یکسر محروم تھی اس سے غریب لوگ جو پرائیویٹ کلینکس اور ہسپتالوں میں علاج نہیں کرا سکتے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے تھے جو کہ بلاشبہ ان کے ساتھ ایک بہت بڑی زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔

گذشتہ روز بلوچستان حکومت اور گرینڈ ہیلتھ الائنس کے مابین کامیاب مذکرات کے بعد طبی خدمات کی بحالی اور ہڑتال کے خاتمے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے مطابق تمام معاملات خوش اسلوبی سے طے پا گئے ہیں اور آئندہ ہر قسم کی ہڑتال اور احتجاج سے اجتناب کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس اور حکومت بلوچستان کے درمیان مذاکرات میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے ثالثی کا کردار ادا کیا ہے۔ یہ واضح کیا گیا ہے کہ بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے پر من و عن عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا اور معزز عدالت عالیہ کے احکامات پر ہر صورت عمل ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ عام آدمی کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پر عزم ہیں۔ محکمہ صحت میں جاری اصلاحات وسیع تر عوامی مفاد میں ہیں اور ان کا تسلسل ہر صورت میں برقرار رکھا جائے گا۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ سرکاری ہسپتال کی عوامی خدمت کے لیے مثالی مراکز بنایا جائے گا۔ محکمہ صحت کے وسائل غریب عوام کی امانت ہیں ان کے درست استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت اور گرینڈ ہیلتھ الائنس میں ہونے میں کامیاب مذاکرات کے بعد سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں کی جانے والی ہڑتال کے ختم ہونے کا اعلان بلاشبہ قابل تعریف اوز غریب عوام کے بہترین مفاد میں ہے کیونکہ اس ہڑتال سے غریب عوام ہی زیادہ متاثر ہو رہے تھے بلکہ یہ ان کے ساتھ زیادتی تھی۔ اب چونکہ ہڑتال ختم اور طبی خدمات بحال ہو گئی ہیں تو ان پر ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے مذکورہ بیان کے مطابق عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ ہر بات پر ہڑتال کرنا اور غریب عوام کو تکلیف پہنچانا اچھا عمل نہیں ہے۔ ہر مسئلے کا حل بات چیت کرنے میں ہے اس لیے مسائل کے حل کے لیے گفت و شنید کا عمل اختیار کرنا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 JAN 2025

Page No. 24

# گوادر پورٹ کے خلاف

# پروپیگنڈہ قابل مذمت ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر پاکستان کی ترقی کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاکستان کے سب سے بڑے ایئرپورٹ کا افتتاح خوش آئند ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کے دوران وزیراعظم نے گوادر ایئرپورٹ کے باضابطہ آپریشنل ہونے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ چین کی 230 ملین ڈالر کی لاگت سے مکمل ہوا، گوادر ایئرپورٹ پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ شمار ہوتا ہے، اگر یہ کمرشل بنیادوں پر آپریٹ ہوتا ہے تو بلوچستان اور پاکستان کی معیشت کیلئے بے حد اہم ہوگا۔ چین جیسا دوست جس نے اپنے وسائل سے پاکستان کو یہ تحفہ دیا ہے، اسکی قدر کرنی چاہئے، کراچی کی بندرگاہ پہلے ہی بہت مصروف ہے اور وہاں آمدورفت کا بہت بوجھ ہے۔ گوادر پاکستان کی ترقی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، اس کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے۔

نئے ایئرپورٹ کی تعمیر نے گوادر پورٹ کی اہمیت کو مزید دوچند کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس منصوبے کی مخالفت میں بھی اضافہ ہو چکا ہے۔ گوادر انٹرنیشنل ائرپورٹ کی تعمیر کا آغاز 2019ء میں ہوا تھا اور یہ منصوبہ نومبر 2024ء میں تکمیل کو پہنچا۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ ہے۔ ائیرپورٹ کا رن وے 3658 میٹر لمبا اور 75 میٹر چوڑا ہے، اس کا کارگو ٹرمینل ابتدائی طور پر تقریباً 30 ہزار ٹن کارگو کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایئرپورٹ پر سالانہ 4 لاکھ مسافروں کو سنبھالنے کی گنجائش ہے جسے مستقبل میں سالانہ 16 لاکھ مسافروں تک بڑھانے کا منصوبہ ہے۔ غیر معمولی گنجائش کے حامل ائیرپورٹ کے ذریعے روزانہ 50 سے زائد ایئر لائنز کو ایندھن اور کارگو کی سہولیات مہیا کی جاسکیں گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 JAN 2025

Page No. 25

# Discouraging anomalies

Corruption, cases of anomalies, commission and poor construction works are common phenomena in under-developed countries. Hence, citizens of such countries have to face a number of social, economic and lawlessness issues. Balochistan being the poorest province of Pakistan has been experiencing such cases for a quite long time. Therefore, it is facing a number of issues and mismanagement in all its sectors, including infrastructure, education, health and agriculture. Despite its vast natural resources and strategic geo-political importance, the province grapples with a myriad of challenges, including poverty, underdevelopment, and a lack of basic amenities. A significant contributor to this persistent underdevelopment is the rampant misuse of funds allocated for development projects. Years of neglect and underinvestment have left Balochistan with a dismal record of infrastructure development, poor healthcare, and inadequate educational facilities. The province receives substantial federal and provincial allocations, yet these funds often fail to translate into tangible development outcomes. Balochistan has witnessed huge corruption scam in previous governments in which a provincial minister and secretary were jailed and had to face corruption charges. Action against corrupt government officers and officials is inevitable to provide relief to masses. The resources of masses should not be misused nor they should be anomalies, and it is only possible when there is strict check and balance Balochistan cannot afford more wastage of resources and anomalies as it has been lagging far behind than other provinces. It is surprising that despite existence of National Accountability Bureau (NAB) and Anti Corruption department, the anomalies and poor construction work are underway in Quetta and other parts of the province. It is essential that the authorities concerned should regularly monitoring construction of roads and government buildings personally throughout the province. The government and concerned authorities should continue their efforts to discourage anomalies and ensure better performance of all departments. To discourage anomalies, corruption and irregularities the government needs to come up with a more comprehensive strategy. There is a dire need of proper check and balance on all government sectors and the culture of commission and corruption that has badly affected our system needs to be eliminated forever. The government and its authorities should work for the development of the province and for the prosperity of its masses. It is hoped that, Chief Minister and Chief Secretary Balochistan will keep a strong check upon all institutions and more stern action would be taken against those who play with the resources of the province that belong to people of the entire province.

CamScanner

P-1

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No 6 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 26

# KSA infusion in Reko Diq

The Reko Diq project, one of the world's largest undeveloped copper and gold mines located in Pakistan's Balochistan province, is on the cusp of a significant transformation. Reports indicate that Saudi Manara Minerals, backed by substantial financial resources from Saudi Arabia, is poised to acquire an equity stake in this monumental mining venture. With a potential investment ranging from $500 million to $1 billion, this development not only promises to inject much-needed capital into Pakistan's mining sector but also signifies a shift towards greater foreign investment in the country's natural resources. Pakistan's rich mineral resources have long been underutilized, with many projects stalled due to bureaucratic red tape, legal entanglements, and geopolitical uncertainties. The Reko Diq mine represents a prime opportunity to revitalize the mining sector and provide a robust boost to the national economy. According to officials, the proposed acquisition of a 10% to 20% stake by Manara Minerals could be a turning point in unlocking the mine's vast potential, which is estimated to hold approximately 5.9 billion tons of copper and gold reserves. The strategic partnership with Manara Minerals is expected to accelerate the development of the Reko Diq project, which has been under discussion for over a decade. Past attempts to commence operations at the site faced numerous challenges, including a 2011 ruling by the Supreme Court of Pakistan declaring the original contracts illegal. However, the recent efforts to mend relationships and engage international partners to reorganize the terms of investment suggest a positive trajectory moving forward.

Petroleum Minister Musadik Malik's statements that Manara Minerals is expected to finalize this investment in the next two quarters are encouraging. Such a timeline indicates a sense of urgency and commitment from both parties to see the project come to fruition. The collaboration with Barrick Gold, the Canadian mining giant also involved in this initiative, adds another layer of expertise and market credibility to the endeavor, potentially paving the way for modern

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily Balochistan Express Quetta
Bullet No. 6 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 27

mining techniques and efficient operational management. The investment landscape in Pakistan is changing, and the government appears to be actively courting foreign investors. Malik's comments about ongoing negotiations with other Gulf countries for potential mining partnerships highlight a broader strategy to diversify investment sources and decrease reliance on any single partner. If successful, these efforts could lead to an influx of foreign capital, technology transfer, and job creation in the local economy. Acquisition by a Saudi firm could enhance economic ties between Pakistan and Saudi Arabia, building on the already strong diplomatic relationship that exists. This partnership can lead to further cooperation in sectors beyond mining, contributing to broader geopolitical stability in a region often fraught with tensions. The collaborative approach is vital for countries looking to capitalize on mutually beneficial opportunities in critical resource sectors, and Reko Diq stands at the forefront of this strategy.

It is crucial for the Pakistani government to navigate this partnership carefully. Lessons from past experiences where local populations and stakeholders were not sufficiently engaged should inform the approach moving forward. Decisions that prioritize transparency, local job creation, and environmental protection will not only facilitate smoother operations but also foster goodwill among the Balochistan populace, which has historically expressed concerns over foreign extraction and its impacts. Anticipated investment from Saudi Manara Minerals in the Reko Diq project is a promising development for Pakistan's mining industry. It signifies the potential for foreign investments to transform underdeveloped sectors, leading to economic growth and increased employment opportunities. As negotiations progress and the official announcement looms, all eyes will be on how this venture unfolds. The hope is that it marks the beginning of a new chapter for Pakistan's abundant mineral resources, creating a framework for sustainable development that benefits both local communities and foreign partners. The government must seize this opportunity to harness the full potential of Reko Diq while ensuring that the investment aligns with national interests and resonates positively with the people of Pakistan.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No. 6 Dated: 24 JAN 2025 Page No. 28


# بلوچستان امن اور ترقی راہ پر


نسیم الحق زاہدی


منظر نامہ

صوبہ بلوچستان قدرتی ذخائر سے مالا مال پاکستان کا ایک اہم صوبہ ہے۔اس بات میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ پاکستان کی معیشت آنے والے وقتوں میں گوادر ہی سے جڑی دکھائی دیتی ہے اور پاکستان کے مستقبل کی بنیاد بلوچستان کی ترقی،خوشحالی اور سالمیت پر منحصر ہے،لیکن اس کے باوجود سماجی اور اقتصادی اعشاریوں کے اعتبار سے اسے نسبتا پسماندہ صوبہ تصور کیا جاتا ہے۔تاہم افواج پاکستان نے بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کو قومی دھارے میں لانے کے لیے کئی عملی اقدامات اٹھائے ہیں جن میں ترقی اور خوشحالی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوا ہے۔ملک دشمنوں نے پاکستان خصوصا بلوچستان کو معاشی طور پر کمزور کرنے کے لیے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ان پر کام کرنے والے ملکی وغیر ملکی انجینئروں،غیر مقامی مزدوروں اوران پر استعمال ہونے والی مشینری کو مسلسل نشانہ بنایا ہے۔تاکہ کسی نہ کسی طرح ترقیاتی عمل کی راہ میں مشکلات کھڑی کی جاسکیں،مگر بلوچستان کی خوشحالی ریاست کی اولین ترجیح ہونے کی وجہ سے صوبے نے ترقی اور امن کی جانب سفر جاری رکھا ہوا ہے اور دوران ترقی کئی منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں جبکہ بہت سے منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ان کامیابیوں میں پاک فوج اور دیگر اداروں جبکہ جنوبی بلوچستان میں ایف سی بلوچستان) ساؤتھ (کا اہم ترین کردار ہے۔رواں سال بلوچستان کا بجٹ 750بلین مختص کیا گیا ہے جس میں وفاقی حکومت کی جانب سے 520بلین حکومت بلوچستان کو دے دیے گئے جبکہ اک سے رائلٹیز کی مد میں 254ارب روپے کا سالانہ منافع بھی ہوتا ہے۔پاک فوج نے ایک ادارہ جاتی اقدام کے ذریعے بلوچستان کے عوام کی بہتری کے لیے تعلیم،صحت اور مواصلات اور دیگر شعبوں میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا ہے۔غیر ملکی میڈیا نے بھی اس بات کی تصدیق کی ہے کہ افواج پاکستان بلوچستان کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے دن رات کام کررہی ہیں،ترقیاتی منصوبے مکمل ہونے کے بعد بلوچستان کے قدرتی وسائل سے بھی بھرپور فائدہ اٹھایا جائے گا جس سے بلوچ عوام کی زندگی بدل جائے گی اور اس وقت گوادر پورٹ کی وجہ سے گوادر علاقائی اور عالمی تجارتی مرکز بن چکا ہے۔اور یہی بات پاکستان دشمنوں کو ہضم نہیں ہو پارہی ہے،راقم اس بات کا ذکر اپنے گذشتہ متعدد کالموں اور مضامین میں کرچکا ہے کہ سی پیک منصوبے کے معاہدے کے بعد امریکہ اور بھارت اس پر اپنے شدید تحفظات ظاہر کرتے نظر آئے۔امریکہ کو معلوم ہے کہ سی پیک منصوبے کی تکمیل کے بعد پاکستان نہ صرف داخلی طور پر مستحکم ہوگا بلکہ وہ اس کی اثر سے نکل جائے گا اور دوسری جانب چین بڑی اقتصادی قوت بن جائے گا جبکہ بھارت کی آنکھ میں سی پیک اس لیے کھٹک رہا ہے کہ وہ ایٹمی طاقت بننے کے بعد دفاعی حوالے سے پاکستان کو چیلنج نہیں کرسکتا تو سی پیک پایہ تکمیل پر پہنچنے کے بعد پاکستان کی اہمیت وحیثیت بڑھے گی اور ترقی کی دوڑ میں وہ بھارت کو پیچھے چھوڑ دے گا،اور یہ حقیقت ہے کہ دفاعی لحاظ سے پاکستان بھارت سے سو گناہ زیادہ مضبوط ہے،کیونکہ پاکستان کا دفاع ہمیشہ سے مضبوط ہاتھوں میں ہے،تھا اور ہمیشہ رہے گا۔پاکستان کے امن اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کے لیے بھارت نے اپنی خفیہ ایجنسی را کے ایجنٹوں اور ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ،بی وین بلوچ اور ماما قدیر جیسے سہولت کاروں اور غداروں کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی اور دہشت گردی کو فروغ دیا،اس سلسلہ میں سی پیک کو خصوصا نشانہ بنایا گیا۔سی پیک منصوبے کے تحت 2025 میں پاکستان کی معیشت میں تیزی آئے گی،جو قومی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔اس منصوبے کے دوسرے مرحلے کے تحت خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) توانائی کے نئے منصوبے،صنعتی ترقی اور جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر پر کام جاری ہے،جن سے پاکستانی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔سی پیک )پاک چین اقتصادی راہداری( کے پہلے مرحلے کی کامیاب تکمیل،پاکستان اور چین کے درمیان گہرے تعلقات کی علامت ہے۔ سی پیک پہلے مرحلے میں 43منصوبے،جن کی مجموعی مالیت 25ارب امریکی ڈالرز ہے،کامیابی سے مکمل کیے گئے۔یہ منصوبے نہ صرف پاکستان کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں مددگار ثابت ہوئے بلکہ خطے کی مجموعی خوشحالی کے لیے بھی اہم ہیں۔سی پیک کے تحت 8,800 میگا واٹ بجلی پاکستان کے قومی گرڈ میں شامل کی گئی ہے،جس سے توانائی کے بحران پر قابو پانے میں مدد ملی ہے۔اس کے علاوہ،سڑکوں،پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کی تعمیر سے نہ صرف نقل وحمل کے نظام میں بہتری آئی ہے بلکہ معاشی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔افواج پاکستان کی مشترکہ کوششوں کی بدولت پندرہ سو کلو میٹر کی سڑکوں کا جال بچھا کر بلوچستان کے عوام کی بڑی منڈیوں تک رسائی یقینی بنائی گئی۔سولہ ارب روپے کی لاگت سے گوادر ڈیپ سی پورٹ کے پہلے مرحلے کی تکمیل اور خصوصی اقتصادی زون کا قیام بھی افواج پاکستان کی کوششوں سے مکمل ہوا۔بلوچستان کی ترقی کے لیے ویژن 2030 کے تحت صوبے میں ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔پاک فوج اور حکومت پاکستان نے وقت کے تقاضوں کے مطابق بلوچستان میں محرومیوں کے خاتمے کے لیے مختلف شعبہ جات میں جامع حکمت عملی کے تحت تیزی سے کام کیا۔خوشحال بلوچستان کے اس پروگرام کے تحت صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا گیا جس کا مقصد صرف مستحکم بلوچستان ہے۔سوال پیدا ہوتا ہے کہ بلوچستان کی ترقی کی راہ میں کیا رکاوٹ ہے اور وہ کون لوگ ہیں جو اس صوبہ کی ترقی اور وہاں کے عوام کی خوشحالی نہیں دیکھنا چاہتے۔بلوچستان کی پسماندگی کا ڈھنڈورا پیٹنے والے مسائل کا ذکر تو کرتے ہیں لیکن ان مسائل کے حل کے لیے کی جانے والی کوششوں اور ان میں رکاوٹیں ڈالنے والوں کا ذکر نہیں کرتے۔اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ بلوچستان کی ترقی میں اہم ترین رکاوٹ وہاں امن وامان کی کاوشوں میں خلل ڈالنے کی کوششیں ہیں۔دہشت گرد تنظیمیں پاکستان کے دشمنوں کی آلہ کار بن کر بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی نہیں چاہتیں۔دراصل ماہ رنگ بلوچ،بی وین بلوچ جیسے عناصر بلوچستان کے عوام کے دشمن ہیں،دشمن ممالک کی مالی مدد )فارن فنڈنگ( ڈالروں کے لیے اپنے ہی گھر کو آگ لگا کر جلانے کے درپے ہیں۔یہی عناصر ایک طرف بلوچستان کے سادہ لوح اور کچے ذہن کے نوجوانوں کو شیطان کی طرح ورغلا کر اپنے ساتھ ملاتے ہیں۔دوسری طرف ان کو ریاستی اداروں اور دوسرے صوبوں کے خلاف جھوٹے پراپیگنڈے کے ذریعے گمراہ کرکے ریاست کے خلاف بغاوت پر اکساتے ہیں اور معصوم بے گناہ بچوں،بوڑھوں اور خواتین کے قاتلوں کو لاپتہ افراد بنا ایک پراپیگنڈا کیا جارہا ہے جس کی حقیقت محض ایک ڈرامے کے سوا کچھ نہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 24 JAN 2025

Page No.



صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور بلیدی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صادق عمرانی سے اراکین اسمبلی میر زابد ریکی اور فضل قادر مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری کو سردار عبدالرحمان کھیتران شال پہنا رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No.

Dated: 24 JAN 2025

Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادرخان صوبے کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع تلاش کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 24 JAN 2025

Page No.



چیئرمین اینٹی منی لانڈرنگ مشتاق سکھیرا آئی جی بلوچستان معظم جاہ انصاری سے ملاقات کررہے ہیں